ڈنمارک کے نئے موبائل پر مبنی انتباہی سسٹم

اگر آپ کسی ایسے علاقے میں ہیں جہاں ایک سے زیادہ لوگوں کو خطرہ ہے تو اب آپ براہ راست اپنے موبائل فون پر انتباہات حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم نے نئے سسٹم کوS!RENEN نام دیا ہے اور، اسے 2023 کے موسم بہار سے متعارف کرایا جائے گا۔

S!RENEN میں ایک منفرد آواز ہے اور یہ عام پیغامات جیسے کہ SMS اور پُش اطلاعات سے واضح طور پر الگ ہے۔ اگر آپ کے موبائل فون پر S!RENEN کی آواز آتی ہے، تو ہدایات پر عمل کریں:

رکیں۔ پڑھیں۔ ردعمل کریں۔

S!RENEN موجودہ الرٹ سسٹم کی تکمیل کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ S!RENEN ان طبعی انتباہ سائرن کی جگہ نہیں لیتا ہے جن سے آپ پہلے سے مانوس ہیں، بلکہ یہ حکام کے لیے شہریوں کو فوری خطرہ سے خبردار کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے۔

موبائل انتباہات کے ساتھ، بڑے بحرانوں کے واقع ہونے کی صورت میں شہریوں کو بہتر طور پر اور تیزی سے آگاہ کیا جائے گا۔

اسی طرح کا سسٹم EU میں 2018 میں ٹیلیکامز کی ہدایت کو اپنانے کے بعد چل رہا ہے، جس میں بتایا گیا تھا کہ EU کے تمام شہریوں کو بحرانوں اور آفات کی صورت میں پورے EU میں موبائل فون کے ذریعے انتباہ حاصل کرنے کے قابل ہونا چاہیئے۔

S!RENEN 'سیل براڈکاسٹ' نامی ٹیکنالوجی پر مبنی ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ حکام ایک متعین علاقے میں مستولوں سے موبائل فون پر انتباہ بھیج سکتے ہیں۔

S!RENEN کی آواز تیز، اونچی ٹون والی ہے جس میں کچھ مختصر وقفے۔

چونکہ یہ سسٹم سیل براڈکاسٹ ٹیکنالوجی پر مبنی ہے، اس لیے ڈیٹا صرف ایک جانب سے بھیجا جاتا ہے: شہریوں کی طرف۔ انتباہ جاری ہونے پر حکام کو شہریوں کے موبائل فونز یا مقام کا ڈیٹا موصول نہیں ہوتا۔ لہذا آپ کو گمنام طور پر انتباہ موصول ہوتا ہے، بالکل اسی طرح سے جیسے کہکسی مخصوص علاقے میں تمام ریڈیوز کو ریڈیو سگنل نشر کیا جاتا ہے۔

1 ہنگامی حالت سے متعلق حکام کسی بحران یا آفت کے تئیں ردعمل کریں۔ اگر علاقے کے شہریوں کو متنبہ کرنے کی ضرورت ہو، تو وہ پولیس سے رابطہ کریں۔



2 ڈنمارک کی نیشنل پولیس موبائل فون آپریٹرز کو انتباہ بھیجتی ہے۔

3 موبائل آپریٹرز خطرے والے علاقے میں متعلقہ ٹیلی کام مستولوں کو خود بخود انتباہ نشر کرتے ہیں۔

4 مستول مخصوص علاقے میں موبائل پر انتباہ تقسیم کرتے ہیں۔

5 علاقے میں موبائل فون کے حالیہ ماڈلز رکھنے والے شہریوں کو انتباہ موصول ہوگا۔ پھر انہیں چاہیئے کہ وہ جو کچھ کر رہے ہیں اسے روک دیں، اپنی اسکرین پر موجود معلومات کو پڑھیں اور اس کے مطابق رد عمل کریں۔

اس منصوبے کی قیادت وزارت انصاف اور وزارت برائے آب و ہوا، توانائی و افادہ جات کے تعاون سے وزارت دفاع کر رہی ہے۔ ڈنمارک کی وزارت دفاع کے حصول اور نظم و انصرام کی تنظیم S!RENEN کے سسٹم کے حصول اور نفاذ کے لیے ذمہ دار ہے۔

S!RENEN ڈنمارک کی ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی ڈینش نیشنل پولیس کے قریبی تعاون سے چلائی جاتی ہے، جو اس سسٹم کی واحد صارف ہے۔ ڈنمارک کی وزارت دفاع کی حصول اور نظم و انصرام کی تنظیم سسٹم کے تکنیکی پہلو کو تیار کرتی اور چلاتی ہے۔ یہ پروجیکٹ ڈنمارک کے نجی موبائل نیٹ ورک آپریٹرز (ٹیلیا، ٹیلی نار، 3 اور TDC نیٹ) کے ساتھ بھی تعاون کر رہا ہے، جو تکنیکی سیٹ اپ کے تمام اہم حصوں کے لیے ذمہ دار ہیں۔